# "معاویہ مجھ سے ہے اور میں معاویہ سے" اس حدیث کا حوالہ

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-2910

**تاریخ اجراء:** 20 محرم الحرام 1446ھ / 27 جولائی 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کوئی ایسی حدیث ہے جس میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "معاویہ مجھ سے ہے اور میں معاویہ سے"؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! اس طرح کی روایت موجود ہے، جسے کئی محدثین نے اپنی کتب میں اپنی اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے کہ پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سیدنا امیر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرمایا: "اے معاویہ! میں تم سے ہوں اور تم مجھ سے ہو۔" پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی مبارک دو انگلیوں کو ملا کر فرمایا: "جنّت کے دروازے پر تُم میرے ساتھ اس طرح ہو گے۔"

چنانچہ مسند الفردوس میں ہے: "عن ابن عمر: یا معاویة أنت مني وأنا منك وإنك تزاحمني على باب الجنة كهاتين" ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا: اے معاویہ! میں تم سے ہوں اور تم مجھ سے ہو، پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے 2 انگلیوں کو ملا کر فرمایا: جنّت کے دروازے پر تُم میرے ساتھ اس طرح ہو گے۔ (مسند الفردوس، رقم الحدیث 8530، ج 5، ص 393، دار الکتب العلمیة، بیروت)

اسی طرح یہ روایت ان کتب میں بھی موجود ہے: (السنة لابی بکر بن الخلال، ج 2، ص 454، رقم الحدیث 704، دار الرایة، الریاض) (تاریخ دمشق لابن عساکر، ج 59، ص 98، دار الفکر، بیروت) (الشریعة للآجری، ج 5، ص 2444، رقم الحدیث 1925، دار الوطن، الریاض) (لسان المیزان، ج 5، ص 194، دار البشائر الإسلامیة)

نوٹ: اس روایت سے متعلق اس لنک پر کلک کرکے مزید معلومات حاصل کریں۔

https://www.facebook.com/share/p/gnTm5RzXuB4nPRLa/?mibextid=L0MuaQ

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net